# نہم گوجرانوالہ بورڈ 2014

مطالعہ پاکستان (لازمی) (نیو سکیم) پرچہ I (انشائی)

وقت: 1.45 گھنٹے (پہلا گروپ) کل نمبر: 40

www.ilmkidunya.com

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ حصہ دوم میں سے کوئی سے دو (2) سوالوں کے جوابات لکھئے۔

## (حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ سوالوں کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (6×2=12)

(i) توحید سے کیا مراد ہے؟

(ii) اخوت کے بارے میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا ارشاد مبارک ہے؟

(iii) چوہدری رحمت علی نے لفظ پاکستان کب تجویز کیا؟

(iv) سٹیٹ بینک آف پاکستان کا افتتاح کب ہوا؟

(v) وزیر اعلیٰ بنگال مسٹر حسین شہید سہروردی نے مسلم لیگ کے ارکان اسمبلی کے کنونشن 1946ء میں کونسی قرارداد پیش کی؟

(vi) ویول پلان کے کوئی دو نکات لکھئے۔

(vii) عبوری حکومت میں شامل چار مسلم لیگی وزراء کے نام لکھئے۔

(viii) بھارت نے کشمیر پر قبضہ کیسے کیا؟

(ix) قائداعظم نے ''سفیر امن'' کا خطاب کیسے پایا؟

-3 کوئی سے چھ سوالوں کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (6×2=12)

(i) جنگلات کی کمی کی پانچ وجوہات لکھئے۔

(ii) ٹوبا کاکڑ کا پہاڑی سلسلہ کہاں واقع ہے؟

(iii) کرپس مشن سے کیا مراد ہے؟

(iv) اس وقت ہمارے ماحول کو کون کون سے خطرات درپیش ہیں؟

(v) پاکستان کی پہلی آئین ساز اسمبلی کی تشکیل کیسے ہوئی؟

(vi) قائداعظم نے ہوائی کمپنی سے کیا معاہدہ کیا؟

(vii) 1956ء کے آئین کی پانچ اسلامی دفعات تحریر کیجئے۔

(viii) مالاکنڈ ڈویژن کیسے تشکیل دیا گیا؟

(ix) دوسرے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کے اہداف کیا تھے؟

www.ilmkidunya.com

## حصہ دوم

-4 ان اسلامی اقدار کا جائزہ لیجئے جو ''نظریہ پاکستان'' کی اساس ہیں۔ 8

-5 کابینہ مشن پلان 1946ء پر سیاسی جماعتوں کا ردعمل کیا تھا؟ 8

-6 درج ذیل پر نوٹ لکھئے۔ 4,4

(الف) سطح مرتفع

(ب) قرارداد مقاصد 1949ء